السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا قبر پر قرآن پڑھنا زبانی یا ناظرہ درست ہے؟ نیز یہ بتائیں کہ ایصال ثواب کا کیا طریقہ ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی صحیح حدیث میں قبر پر قرآن مجید زبانی یا ناظرہ پڑھنا ثابت نہیں۔ ایصال ثواب کا طریقہ کار یہ ہے کہ مثلاً میت کے لئے دعا کی جائے۔ قرآن میں ہے:

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ ... سورة الحشر ١٠

یا صدقہ خیرات کردیا جائے حدیث میں ہے (1) صدقہ جاریہ یا علمی انتفاع مثلاً شاگردی یا مفید تالیفات وغیرہ یا نیک اولاد جو والدین کے لئے دعا گو ہیں۔ اسی طرح میت کی طرف سے قربانی کرنا یا اس کی طرف سے حج کرنا مسجد بنوادینا یا مدارس میں غریب طلبہ کی خدمت کرنا یا خیراتی تعمیر میں حصہ دار بننا وغیرہ وغیرہ۔

(۔ صحیح مسلم کتاب الوصیة باب ما یلحق الانسان من الثواب بعد وفاتہ (٤٢٢٣٩ الترمذي (١٣٨١) ابوداؤد (٢٨٨٠) النسائی (١٣٦٥٣

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص734

محدث فتویٰ